# KARACHI STOCK EXCHANGE LIMITED

**KSE/N-1435** **NOTICE** **March 05, 2013**

## FATEH TEXTILE MILLS LIMITED

*Source: Daily "JANG" dated March 05, 2013*

## بعدالت عالیہ سندھ بمقام کراچی

سی ایم نمبر 04 بابت 2012

نیشنل بینک آف پاکستان، ایک بینکنگ کمپنی جو NBP آرڈیننس 1949 (XIX بابت 1949) کے تحت قائم شدہ ہے حال اس کا ہیڈ آفس بمقام نیشنل بینک آف پاکستان بلڈنگ آئی آئی چندریگر روڈ کراچی اور کاروبار کا مقام واقع چھٹی منزل FTC بلڈنگ شاہراہ فیصل کراچی.......... درخواست گزار

**::::بمقابلہ::::**

1- فتح ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تحت تشکیل کردہ ہے حال اس کا رجسٹرڈ آفس اور فیکٹری بمقام پلاٹ نمبر A/4 دیہہ نارجا سروے شیٹ نمبر 35/P/1 مالی روڈ SITE حیدرآباد اور پی او بکس نمبر 69-A/4 سائٹ حیدرآباد اور حال اس کا آفس بمقام سکندر ہاؤس F-58 پارک لین بلاک-5 کلفٹن کراچی اور A-4، 1 سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی مین شاہراہ فیصل کراچی۔

2- سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان بتوسط رجسٹرار آف کمپنیز / چیئرمین کمپنیز رجسٹریشن آفس ولس رو اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پاکستان.......... جوابداران

**جملہ متعلقین کو پٹیشن کی اطلاع**

ذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا درخواست گزار نے کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 305(E)(H) اور 306(1)(A) اور 309 ملاکر پڑھیں دفعہ 325 ملاکر پڑھیں رول 75 بابت کمپنیز (کورٹ) رولز 1997 ملاکر پڑھیں قانون کے تمام دیگر اختیار کردہ مندرجات کے تحت کمپنی کو بند کرنے کے لئے ایک درخواست دائر کی ہے جس میں استدعا کی گئی ہے کہ یہ معزز عدالت ازراہ کرم مندرجہ ذیل احکامات جاری کرے:

(i) ہدایت کرے کہ کمپنی / جوابدار نمبر 1 (فتح ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ) کو کمپنیز آرڈیننس 1984 کے مندرجات کے تحت عدالت ہذا کی جانب سے بند کر دیا جائے۔ (ii) دریں اثناء جوابدار نمبر 1 کے قرار واقعی اثاثہ جات (جس میں کوئی ایک یا تمام کموڈیٹیز / اثاثہ جات شامل ہیں، جس کا کمپنی / جوابدار روزمرہ کی بنیاد پر مشغلی کا کاروبار نہیں کررہی) میں سے کسی کے ساتھ منتقل کرنے، بیچ کرنے، قبضے کے ساتھ پارٹنگ کرنے، بار ڈالنے، چارجنگ، ڈسپوزنگ اور معاملت کرنے سے کمپنی / جوابدار نمبر 1 کو روکے۔ (iii) دریں اثناء کمپنی / جوابدار کو تحلیل کرنے کی غرض سے کمپنیز آرڈیننس 1984 اور کمپنی کورٹ رولز 1997 کے تحت عدالت ہذا کے ایک آفیسر کا بحیثیت آفیشل لکویڈیٹر مکمل اختیارات کے ساتھ تقرر کیا جائے تاکہ وہ کمپنی / جوابدار کے اثاثہ جات اور املاک اکاؤنٹس اور انتظامیہ کا چارج سنبھالے۔ (iv) جوابدار نمبر 2 کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس معزز عدالت کے روبرو پیش کرے:

(اے) کمپنی / جوابدار نمبر 1 کے معاملات کاروبار سے متعلق رپورٹ۔ (بی) رپورٹ جس میں ظاہر کیا گیا ہو کہ آیا کمپنی / جوابدار نمبر 1 کمپنیز آرڈیننس 1984 کے مندرجات کے عین مطابق سختی کے ساتھ اس کے اصولوں کے مطابق چلائی جارہی ہے۔ (سی) جوابدار نمبر 1 کا مالیاتی گوشوارہ۔

(v) کوئی دیگر / مزید / بہتر / دادرسی جو یہ معزز عدالت موجودہ مقدمہ کے حالات کے تحت موزوں مناسب اور منصفانہ سمجھتی ہو۔ (vi) پورے پٹیشن کا خرچہ۔

یہ پٹیشن 06-3-2012 کو مندرجہ بالا درخواست گزار نے بذریعہ مسٹر جام آصف محمود ایڈووکیٹ پیش کی تھی اور متذکرہ درخواست کی سماعت 27-2-2013 کو مقرر کی گئی تھی اور معزز عدالت نے اس کی سماعت 28 مارچ 2013ء کو صبح 8-15 بجے مقرر کی ہے۔

کوئی بھی شخص جو پٹیشن میں استدعا کردہ حکم نامہ کے ضمن میں اس کی تائید یا مخالفت کا خواہش مند ہو تو وہ بوقت سماعت اصالتاً یا بذریعہ اپنے وکیل حاضر ہوسکتا ہے۔ پٹیشن کی ایک نقل کسی بھی ایسے شخص کو جسے اس کی ضرورت ہو درخواست دینے پر اور ایسی دستاویزات کی نقول کیلئے مقررہ فیس کی ادائیگی پر اسے فراہم کردی جائیگی۔

آج بتاریخ 02 / مارچ 2013 میرے دستخط اور مہر عدالت کے ساتھ جاری کیا گیا۔

حسب الحکم

دستخط..... (احسن محمود)

مہر عدالت

اسسٹنٹ رجسٹرار ایگزیکیوشن و متفرق برانچ